**SET-4**

**Series JBB**

کوڈ نمبر **Code No. 5A**

Roll No. | | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- Please check that this question paper contains **16** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **18** questions.
- Please write down the Serial Number of the question in the answer-book before attempting it.
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اردو (کورس A)

# URDU (Course A)

وقت : ۳ گھنٹے — کل نمبر: ۸۰

*Time allowed : 3 hours* — *Maximum Marks : 80*

## (حصہ ـ الف)

**1.** درج ذیل (غیر درسی) اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 5

"ہوا، پانی اور غذا ہماری صحت اور زندگی کے لیے ضروری ہیں۔ بے احتیاطی اور بے قاعدگی سے ان چیزوں میں خرابی پیدا ہوجاتی ہے۔ کھانے کی چیزیں اگر کھلی چھوڑ دی جائیں تو مکھیاں، گرد اور بیماری پھیلانے والے جراثیم، ان کو آلودہ کردیتے ہیں۔ گرد وغبار، کارخانوں سے نکلنے والا دھواں اور مہلک گیسیں ہوا میں آلودگی پیدا کردیتی ہیں۔ ہم دیکھتے ہیں کہ ہمارے پینے کے پانی کے ذخیرے کس طرح آلودہ ہوتے ہیں؟ باؤلیوں، تالابوں اور نہروں کے پانی میں کپڑے دھوئے جاتے ہیں۔ مویشیوں کو نہلایا جاتا ہے، انسان بھی وہیں نہاتے ہیں، اس طرح انسانوں اور جانوروں کی ساری گندگیاں باؤلیوں اور تالابوں میں داخل ہوجاتی ہیں اور پانی آلودہ ہوجاتا ہے۔ نالیوں کی گندگی اور کوڑا کرکٹ بھی بیماری کا سبب بنتا ہے۔ کارخانوں سے نکلنے والا میل کچیل اور کیڑے مار دواؤں کا چھڑکاؤ بھی پانی کی آلودگی میں اضافہ کرتا ہے۔ اس قسم کی گندگیاں پانی میں آکسیجن کی مقدار کم کردیتی ہے جس کی وجہ سے مچھلیاں مرجاتی ہیں"۔

(i) گرد وغبار، کارخانوں سے نکلنے والا دھواں اور مہلک گیسیں ہوا میں کیا پیدا کردیتی ہیں؟۔ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) آلودگی

(b) بے قاعدگی

(c) بے احتیاطی

(d) سادگی

(ii) نالیوں کی گندگی اور کوڑا کرکٹ کس چیز کا سبب بنتا ہے؟۔ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) زندگی کا

(b) صحت کا

(c) بیماریوں کا

(d) نہانے کا

(iii) بے احتیاطی اور بے قاعدگی سے ہوا، پانی اور غذا میں کیا پیدا ہو جاتی ہے؟ ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(iv) کھانے کی چیزیں اگر کھلی چھوڑ دیں تو کیا ہوگا؟۔ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) پانی میں آکسیجن کی مقدار کم ہونے سے کیا ہوتا ہے؟۔ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

**2۔** درج ذیل (غیر درسی) شعری حصے کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ 5

کسی ندی کے پاس اک بکری چرتے چرتے کہیں سے آ نکلی

جب ٹھہر کر ادھر ادھر دیکھا پاس اک گائے کو کھڑے پایا

پہلے جھک کر اسے سلام کیا پھر سلیقے سے یوں کلام کیا

کیوں بڑی بی مزاج کیسے ہیں　　　گائے بولی کہ خیر اچھے ہیں

کٹ رہی ہے بری بھلی اپنی　　　ہے مصیبت میں زندگی اپنی

دودھ کم دوں تو بڑبڑاتا ہے　　　ہوں جو دبلی تو بیچ کھاتا ہے

(i) ندی کے پاس چرتے چرتے کون نکل آئی ؟۔ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) گائے

(b) گدھی

(c) بھینس

(d) بکری

(ii) کس کی زندگی مصیبت میں ہے؟۔ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) گائے

(b) شیر

(c) اونٹ

(d) بکری

(iii) سلیقے سے کس نے کلام کیا؟۔ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(iv) گائے کا مالک کب بڑبڑاتا ہے؟۔ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) گائے جب دبلی ہوجاتی ہے تو اس کا مالک کیا کرتا ہے؟۔ایک جملے میں جواب لکھیے۔

**3۔** درج ذیل درسی عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 5

''میرا یہ رفیق اصل میں میرے منجھلے بھائی کا دوست تھا۔ یہ دونوں ہم سبق تھے۔ میں اس کی کمزوریوں سے واقف تھا مگر اسے وفادار دوست سمجھتا تھا۔ میری ماں نے، میرے بڑے بھائی نے، میری بیوی نے مجھے متنبہ کیا کہ تمھاری صحبت خراب ہے۔ بیوی کی بات تو میں شوہری کے غرور میں کب سنتا تھا، لیکن ماں اور بڑے بھائی کی رائے کے خلاف عمل کرنے کی مجھ میں ہمت نہ تھی۔ پھر بھی میں نے ان سے عذر معذرت کی اور کہا ''میں جانتا ہوں کہ اس میں وہ کمزوریاں ہیں جو آپ نے بتائیں مگر آپ کو اس کی اچھائیوں کی خبر نہیں۔ وہ مجھے گمراہ نہیں کرسکتا کیوں کہ میں اس سے اس نیت سے ملتا ہوں کہ اس کی اصلاح کروں۔ مجھے یقین ہے کہ اگر وہ اپنے اطوار درست کرے تو بڑا اچھا آدمی ہوجائے گا۔ میری التجا ہے کہ آپ میری طرف سے تردّد نہ کریں''۔

(i) ان کا رفیق اصل میں کس کا دوست تھا؟۔درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) بڑے بھائی کا

(b) منجھلے بھائی کا

(c) چھوٹے بھائی کا

(d) بیوی کا

(ii) شوہری کے غرور میں وہ کس کی بات نہیں سنتا تھا؟۔درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) بڑے بھائی کی

(b) بیوی کی

(c) ماں کی

(d) دوست کی

(iii) کس کو یقین ہے کہ وہ اپنے اطوار درست کر کے بڑا اچھا آدمی بن جائے گا؟ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(iv) انھوں نے کیا التجا کی؟۔ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) اس کا دوست اسے گمراہ کیوں نہیں کر سکتا؟۔ایک جملے میں جواب لکھیے۔

**یا**

''انسانی خیال کی کوئی تھاہ نہیں اور نہ اس کے تنوع اور وسعت کی کوئی حد ہے زبان کیسی ہی وسیع اور بھرپور ہو، خیال کی گہرائیوں اور باریکیوں اور نازک حرفوں کو صحت کے ساتھ ادا کرنے میں قاصر رہتی ہے اور یہی وجہ ہے کہ ان کے ادا کرنے کے لیے طرح طرح کے جتن کیے جاتے ہیں۔ مترادف الفاظ ایسے موقعوں پر بہت کام آتے ہیں۔ مترادف الفاظ سب ہم معنی نہیں ہوتے۔ ان کے مفہوم اور استعمال میں کچھ نہ کچھ ضرور فرق ہوتا ہے۔ اس لیے ادائے مطالب میں ان کی اہمیت بڑھ جاتی ہے۔ خاص کر شاعری کے اغراض کے لیے مترادف الفاظ کا کثرت سے ہونا بہت کام آتا ہے۔ شاعر ان کے ذریعہ سے لطیف سے لطیف خیال اور نازک سے نازک جذبات کو ادا کر سکتا ہے، پھر اس سے ردیف وقافیے کے لیے بہت سہولت ہو جاتی ہے''۔

(i) کس چیز کے تنوع اور وسعت کی کوئی حد نہیں ہے؟۔ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) زبان کی

(b) انسان کی

(c) انسانی خیال کی

(d) حرفوں کی

(ii) ادائے مطالب میں کس کی اہمیت بڑھ جاتی ہے؟۔درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) متضاد الفاظ کی

(b) مترادف الفاظ کی

(c) مرکب الفاظ کی

(d) حرفوں کی

(iii) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟۔ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(iv) شاعر مترادف الفاظ سے کیا کام لیتا ہے؟۔ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) زبان کس چیز کو صحت کے ساتھ ادا کرنے میں قاصر رہتی ہے؟۔ایک جملے میں جواب لکھیے۔

4. درج ذیل شعری حصے کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالات کے جواب دیجیے۔ 5

لائی حیات، آئے، قضا لے چلی، چلے  اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے
بہتر تو ہے یہی کہ نہ دنیا سے دل لگے  پر کیا کریں جو کام نہ بے دل لگی چلے
کم ہوں گے اس بساط پہ ہم جیسے بدقمار  جو چال ہم چلے سو نہایت بری چلے

ہو عمرِ خضر بھی تو کہیں گے بوقت مرگ　　　　ہم کیا رہے یہاں، ابھی آئے ابھی چلے

دنیا نے کس کا راہِ فنا میں دیا ہے ساتھ　　　　تم بھی چلے چلو یوں ہی جب تک چلی چلے

(i) درج بالا اشعار کا تعلق کس صنف شاعری سے ہے؟۔درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) نظم

(b) رباعی

(c) قصیدہ

(d) غزل

(ii) درج بالا اشعار کے شاعر کا نام کیا ہے؟۔درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) یاس یگانہ چنگیزی

(b) شیخ ابراہیم ذوق

(c) فراق گورکھپوری

(d) اکبر الہ آبادی

(iii) یہاں لفظ "حیات" کے کیا معنی ہیں؟۔ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(iv) اگر عمرِ خضر بھی مل جائے تو موت کے وقت کیا کہیں گے؟۔ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) شاعر دنیا سے دل نہ لگانے کو کیوں بہتر سمجھتا ہے؟۔ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

یا

گرم ذرّوں کے شدائد ، جھکّڑوں کی سختیاں
جھکڑوں میں کھانستے بوڑھوں کی چلموں کا دھواں
ماؤں کے کاندھے پہ بچے گردنیں ڈالے ہوئے
بھوک کی آنچوں کے مارے، پیاس کے پالے ہوئے
بام و در لرزے ہوئے خورشید کے آفات سے
ہر نفس اک آنچ سی اٹھتی ہوئی ذرّات سے
مرد و زن گردش میں چیلوں کی صدا سنتے ہوئے
چلچلاتی دھوپ کی رو میں چنے بھنتے ہوئے

سر پہ کافر دھوپ جیسے روح پر عکسِ گناہ
تیز کرنیں ، جیسے بوڑھے سود خواروں کی نگاہ

(i) ان اشعار کا تعلق کس صنف شاعری سے ہے؟۔ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) نظم

(b) رباعی

(c) قصیدہ

(d) غزل

(ii) درج بالا اشعار کے شاعر کا نام کیا ہے؟۔ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(a) شیخ ابراہیم ذوقؔ

(b) کیفیؔ اعظمی

(c) جوشؔ ملیح آبادی

(d) اخترؔ شیرانی

(iii) مردوزن گردش میں کس کی صدا سن رہے ہیں؟۔ ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(iv) ماؤں کے کندھوں پر بچے گردنیں کیوں ڈالے ہوئے ہیں؟۔ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) چنے کس چیز سے بھنے جا رہے ہیں؟۔ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

## (حصّہ۔ب)

**5۔** درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر ڈھائی سو سے تین سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 10

(i) کتاب میلہ

(ii) قومی یکجہتی

(iii) میٹرو ریل

(iv) میرا پسندیدہ شاعر

**6۔** اپنے دوست کے نام خط لکھ کر آنے والی چھٹی کے پروگرام کے بارے میں بتائیے۔ 4

**یا**

اپنے پرنسپل کے نام درخواست لکھ کر بتائیے کہ آپ امتحان میں کیوں نہیں شامل ہو سکے؟

**7۔** راجندر سنگھ بیدی کے افسانے ''بھولا'' کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھیے۔ 4

**یا**

الطاف حسین حالؔی کی طرزِ تحریر کی خصوصیات لکھیے۔

**-8** نظم ’’جلوۂ دربارِ دہلی‘‘ کا مرکزی خیال لکھیے۔ 3

**یا**

شادؔ عظیم آبادی کی غزل گوئی پر ایک مختصر نوٹ لکھیے

**-9** پریم چند کے افسانے ’’گلی ڈنڈا‘‘ کا خلاصہ لکھیے۔ 4

**یا**

’’مرزا چپاتی‘‘ نے اردو زبان کی جو قسمیں بتائی ہیں ان کے نام اور خصوصیات لکھیے۔

## (حصّہ۔ج)

**-10** وہ فعل جس میں کسی کام کا کرنا ثابت نہیں ہوتا بلکہ کسی حالت یا کیفیت کا پتہ چلتا ہے، اس فعل کو کیا کہتے ہیں؟۔ تین مثالیں بھی لکھیے۔ 5

**یا**

درج ذیل جملوں کو غور سے پڑھیے اور زمانے کے لحاظ سے فعل کی قسم بتائیے:

(i) عالیہ امتحان میں اوّل آئی

(ii) رحیم اپنا ہر کام وقت کی پابندی کے ساتھ کرتا ہے

(iii) سلیمہ کل لکھنؤ جائے گی

(iv) نعیم نے خط لکھا

(v) رضیہ سلطان باقاعدہ دربار لگاتی تھی

**11۔** (i) درج ذیل شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے اس کی تعریف لکھیے۔ $3+2=5$

نازکی اس کے لب کی کیا کہیے

پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

(ii) کنایہ کی تعریف لکھیے اور اس کی ایک مثال بھی لکھیے۔

**12۔** (i) ’کہاوت‘ کس کو کہتے ہیں؟ مثال بھی لکھیے۔ $2+3=5$

(ii) درج ذیل میں سے کسی دو محاوروں کے معنی لکھ کر جملوں میں استعمال کیجیے:

(a) آسمان پر تھوکنا

(b) پھولے نہ سمانا

(c) آنکھ بھر آنا

(d) نو دو گیارہ ہونا

13۔ ''رابط'' کسے کہتے ہیں؟ مع مثال لکھیے۔ 2

14۔ غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں؟ مثال بھی لکھیے۔ 3

یا

عام طور پر اشعار میں قافیے کے بعد جو لفظ یا الفاظ دہرائے جاتے ہیں، انھیں کیا کہتے ہیں؟۔ مثال بھی لکھیے۔

(حصّہ۔د)

15۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ 2x2=4

(i) موتی نگر کی وادی میں داخل ہوتے ہی مسافروں کا مزاج کیوں بدل گیا؟

(ii) منگو کوچوان انگریزوں سے کیوں نفرت کرتا تھا؟

(iii) سرسید کو گاؤں میں جا کر رہنا کیوں پسند تھا؟

(iv) سپاہی سلمیٰ اور کشن کنور کی مشکیں کس کر شہر سے باہر کیوں لے جانا چاہتے تھے؟

**16۔** درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ $2 \times 2=4$

(i) شاد عظیم آبادی کی غزل میں 'مرغانِ قفس' سے کیا مراد ہے؟

(ii) اصغر گونڈوی نے 'آلام روزگار' کو اپنے لیے کس طرح آساں بنایا ہے؟ واضح کیجیے۔

(iii) ''سر میں شوق کا سودا دیکھا'' سے اکبر الٰہ آبادی کی کیا مراد ہے؟

(iv) میر ببر علی انیسؔ اپنی رباعی میں خالی ظرف کی صدا' سے کیا سمجھانا چاہتا ہے؟

**17۔** درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ $2 \times 2=4$

(i) عظیم بیگ چغتائی کو فقیروں سے کیوں بغض تھا؟

(ii) رتن سنگھ نے اپنے افسانے 'من کا طوطا' سے کیا مراد لی ہے؟

(iii) چنٹو ان دیوتا سے ناراض کیوں رہتا تھا؟

(iv) افسانہ ''سخی'' کی روشنی میں مولا بخش کے کردار کا تعارف کرائیے۔

**18۔** درج ذیل میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیے۔ 3

(i) ڈراما

(ii) آپ بیتی

(iii) نظم